بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا سلسلہ مداریہ منقطع ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

سبع سنابل میں حضرت شاہ مدار رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ مداریہ کے سوخت یا منقطع ہونے کا ایک واقعہ مذکور ہے، اس کی کیا حقیقت ہے؟

جواب

حضرت شاہ بدیع الدین مدار رحمۃ اللہ تعالی علیہ اکابر اولیائے کرام رحمھم اللہ تعالی میں سے ہیں۔ آپ نے چند آدمیوں کے سوا کسی کو بیعت نہیں فرمایا، اور جن کو بیعت کیا، ان میں سے کسی کو بھی خلافت نہیں دی، بلکہ خود صراحت فرمائی کہ: "میں نے خلافت نہ کسی کو دی ہے نہ آگے دوں۔" لہذا ان کا سلسلہ مداریہ منقطع ہوچکا ہے، البتہ! بطور تبرک یہ سلسلہ اکابر میں چلا آیا ہے، مگر بطور بیعت اس سلسلے کا اجراء نہیں ہوا۔

امام اہلسنت، امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "سبع سنابل شریف میں ہے: حضرت مدار صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے: خلافت نہ کسے دادہ ام نخواہم داد، میں نے خلافت نہ کسی کو دی ہے نہ آگے دوں۔" (فتاوی رضویہ، جلد 26، صفحہ 435، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

ایک اور جگہ پر فرماتے ہیں: "حضرت شاہ بدیع الدین مدار قدس سرہ الشریف اکابر اولیائے عظام سے ہیں، مگر ولی ہونے کو یہ ضرور نہیں کہ اس سے سلسلہ بیعت بھی جاری ہو۔ ہزاروں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں صرف چند صاحبوں سے سلسلہ بیعت ہے، باقی کسی صحابی سے نہیں۔ پھر ان کی ولایت کو کس کی ولایت پہنچ سکتی ہے۔ اس خاندان کا جو سلسلہ اکابر میں چلا آیا ہے وہ محض تبرک کے لئے ہے۔ جیسے حدیث شریف کا سلسلہ، باقی افاضہ کا اجراء اس سے نہ ہوا، جیسا کہ حضرت سیدنا میر عبد الواحد بلگرامی قدس سرہ السامی نے سبع سنابل شریف میں فرمایا: تو جبے بیعت صحیحہ سلاسل نافذہ منفقہ میں ہو وہ اپنے مشائخ سے تبرکاً اس سلسلہ کی بھی سند لے لے تو حرج نہیں، اور اسی پر اکتفاء، اور خصوصاً اہل فسق جو اکثر اس سلسلہ کا غلط نام بدنام کرنے والے ہیں ان سے رجوع، یہ باطل اور ممنوع ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 26، صفحہ 557، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

اسی طرح فتاوی ملک العلماء میں ہے: "واقعی طریقہ بیعت حضرت سیدنا بدیع الدین مدار قدس سرہ العزیز کا سوخت ہے۔ حضرت نے چند آدمیوں کے سوا کسی کو بیعت نہ کیا اور جن لوگوں کو مرید کیا ان میں سے کسی کو خلیفہ نہ بنایا۔" (فتاوی ملک العلماء، صفحہ 317، شبیر برادرز، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5485

تاریخ اجراء : 26 ربیع الآخر 1448ھ/08 اکتوبر 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net